بکراندی پل منہدم معاملہ میں حکومت کی سخت کارروائی

پل کی تعمیر میں شامل دو انجینئر معطل، تعمیراتی کام کرانے والے ٹھیکیدار بلیک لسٹڈ، پل گرنے کیلئے بہار حکومت قصوروار: نتن گڈکری

اردیا(ایس این بی)
اریا میں افتتاح سے قبل ہی پل کے منہدم ہونے کے معاملہ میں بہارحکومت نے قصورواروں کے خلاف کارروائی شروع کردی ہے۔حکومت نے ایک جے ای اور ایک انجینئر ون کو معطل کردیا ہے اور ٹھیکیدار کو بلیک لسٹڈ کردیا گیا ہے۔ اس پورے معاملے میں بھی متعلقہ فرمیں کے خلاف جرائم سے متعلق مقدمات کیا گیا ہے۔معاملے کی جانچ کیلئے ایک کمیٹی کی تشکیل دی گئی ہے۔ریاست میں ایک کے بعد ایک پل منہدم ہونے کے واقعہ کے بعد نتیش کا سامنا کررہی تھیش کمار کی این ڈی اے حکومت نے فوراً ایگزیکٹیو انجینئر، معاون انجینئر اور جونیئر انجینئر کو معطل کرنے کا اعلان کردیا ہے۔حکومت نے کہا ہے کہ جانچ کیلئے پندرہ دن میں کمیٹی بنائی جارہی ہے۔ جانچ رپورٹ آنے کے بعد آگے کی کارروائی کی جائے گی۔ پل بنانے والے ٹھیکیدار کو فوری اثر سے بلیک لسٹڈ کردیا گیا ہے۔اس پل کی تعمیر بہارحکومت کے دیہی ترقیات محکمہ نتن بلک دیہی ورکس وزارت نے کرایا تھا۔لیکن پل افتتاح سے قبل ہی منہدم ہوگیا۔منگل کی دوپہر اریا کے بلاک حلقہ میں بکراندی کے پرپل گھاٹ پر تعمیر کیا گیا پل منہدم ہوگئے ۔وہیں ایک دھنس گیا۔اس کے بعد پل ٹوٹ کر گر گیا۔اریا سے جو پل منہدم ہوا ہے،اس کی تعمیر مکمل ہوگئی تھی۔اپروچ روڈ نہیں بننے کی وجہ سے پل پر آمد ورفت شروع نہیں ہوا تھا۔برسا تی ندی بکرا میں منگل کو پانی آیا اور پل تاش کے پتے کی طرح بھربھرا کر گر پڑا ۔پل گرنے کا ویڈیو وائرل ہوگیا۔اس کے بعد حکومت کو زبردست تنقیدت کا سامنا کرنا پڑا۔

بکراندی پر بنے اس پل کی تعمیر تین مراحل میں ہوئی تھی۔ پہلے اور دوسرے مرحلہ کا کام بہارحکومت کو پل نرمان نگم لمیٹڈ نے کیا تھا۔پل زمان نگم نے 8 ہیکٹر کی تعمیر کرائی تھی۔تیسرے مرحلہ کا کام دیہی ورکس محکمہ نے اپنے ذمہ لے لیا تھا۔دیہی ورکس محکمہ کی جانب سے 8 کروڑ کی لاگت سے 8 ہیکٹر کی تعمیر ہوئی۔ پہلے اور دوسرے مرحلہ میں بنے بھی 8 ہیکٹر محفوظ ہیں۔لیکن تین ہیکٹر کی تعمیر دیہی ورکس محکمہ نے کرایا تھا وہ منہدم ہوگئے۔وہیں افتتاح سے قبل پل منہدم ہونے کے بعد بہارکی حکومت نے بہار کی نتیش حکومت کو ذمہ دارقرار دیا ہے۔مرکزی وزیرسڑک تعمیرات نتن گڈکری نے کہا ہے کہ ہم اس پل کو نہیں بنا رہے تھے۔ بہار کے اریا میں پوری طرح سے بہن کر تیار پل منگل کو افتتاح سے قبل ہی منہدم ہوگیا۔اس کے بعد حکومت کو کافی تنقیدت کا سامنا کرنا پڑا۔سوشل میڈیا پر کئی لوگوں نے اس کیلئے مرکزی حکومت کو ذمہ دار قرار دیا۔ اب مرکزی وزیر سڑک ترانسپورٹ نتن گڈکری نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر لکھا ہے کہ بہار کے اریا میں منہدم پلیا کی تعمیر مرکزی وزیر سڑک ترانسپورٹ محکمہ کے تحت نہیں کرایا گیا ہے۔ بہار حکومت کے دیہی ترقیات وزارت کے ذریعے کام کا عمل ہوا تھا۔یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ اس سے قبل بھی بہار میں ایک پل کی تعمیر کے بعد ہی ہیڈر کے ٹوٹنے کے بعد اس کے منہدم ہونے کی خبر بھی سرخی میں تھی۔

پل کی تعمیر معاملے میں کئی طرح کے راز فاش ہوئے ہیں۔کئی طرح کی لاپرواہیاں برتی گئی ہیں۔اس ضمن میں اریا کے رکن پارلیمنٹ پردیپ کمار سنگھ اب حلقہ میں بن رہے بھی بڑے پلوں کی جانچ کرانے کی بات کررہے ہیں۔اس ضمن میں سکنی کے ایم ایل اے وجے کمار منڈل نے کہا کہ اس پل کے تعمیراتی کام میں تعینات ٹھیکیدار کے ذریعے بے ضابطگی کی شکایت کئی مرتبہ محکمہ کے افسران کی تھی۔لیکن کوئی واضح جواب ان کی جانب سے نہیں ملا۔بار بار یہ شکایت مل رہی تھی کہ رات کے اندھیرے میں ٹھیکیدار پل کی پائلنگ کا کام کرا رہا تھا۔انہوں نے کہا کہ اگر پل کا بلیکر ندی کے اندر تھا تو پہنچے کا سوال ہی نہیں تھا۔سیلاب آنے سے قبل ہی پل بہہ گیا۔وہیں انتہائی پسماندہ سیل سے کرپاشی نائب صدر اونیل کمار آنند پر زبانی گھات میں تعمیر پل کے منہدم ہونے کو بدعوانی سے جوڑ کر پوری طرح سے حملہ آور ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ متعلقہ تعمیرات محکمہ کے افسران ٹھیکیدار اور مقامی عوامی نمائندگان کی سرمچور کھیاں کرتا ہے۔تعمیراتی کام میں بے ضابطگی کا ہی یہ نتیجہ ہے کہ سیلاب آنے سے قبل ہی پل پائلنگ کا سامنا نہیں کرپایا اور آمدورفت شروع ہونے سے قبل ہی پل ندی میں سما گیا۔لوگوں کا کہنا ہے کہ بھی پلوں کی جانچ کا کام حکومت کو کرانی چاہیے۔

گینگسٹر امن ساہو کے خلاف این آئی اے کی بڑی کارروائی

رانچی، ہزاری باغ میں 6 گھنٹے تک چھاپہ ماری

رانچی(ایس این بی)
نیشنل انویسٹی گیشن ایجنسی (این آئی اے) نے جھارکھنڈ کے خونخوار گینگسٹر امن ساہو کے خلاف بڑی کارروائی کی ہے۔ ایجنسی نے ان کے کئی ٹھکانوں پر چھاپے مارے۔ این آئی اے رانچی برانچ کے افسران نے بدھ صبح میں اس کے آبائی گھر کے ساتھ ساتھ بکرو اور ہزاری باغ کے گنڈی تھانہ علاقے پر 6 گھنٹے تک چھاپہ مارا۔ بدھ کو کہا جاتا ہے کہ امن ساہو کے آبائی گھر پر صبح 5 بجے این آئی اے کی ٹیم نے چھاپہ ماری کی۔اس کے شدت دوں کے بعد یہاں بھی جاچ ایجنسی پہنچی۔رانچی کے بڑھوم پر بکرو میں دو ٹھکانوں پر جاچ کی۔ اسی دوران ہزاری باغ ضلع کے گڈی تھانہ علاقہ میں بھی سنٹرل ایجنسی نے کارروائی کی۔رانچی کے بڑھوم تھانہ حلقہ کے متعدد گاؤں میں این آئی اے کی ٹیم نے اس کے گھر کے کاغذات دیکھے۔قریب 6 گھنٹے تک چھان بین کرنے کے بعد ایجنسی کی ٹیم وہاں سے نکل گئی۔افسران نے چھاپہ ماری کے بارے میں کچھ بھی بتانے سے انکار کردیا۔متعدد جرائم پیشہ گروہ کے سرغنہ امن ساہو کا آبائی گاؤں بس ہے۔ان پرکئی ساہوکاروں سے وصولی کرنے کا الزام ہے۔ان کے دوست کو راجستھان سے گرفتار کرلیا تھا۔انٹرنیشنل گینگسٹر دارس شیر فی سیمی اس کے رابطے بتائے جاتے ہیں۔

سڑک حادثہ میں 4 کی موت، ایک شدید طور پر زخمی

دھنباد(ایس این بی)
دھنباد کے کولا چل میں سڑک حادثات کے مسلسل واقعات پر پیشانی کا باعث بن رہے ہیں۔ ہر روز حادثات میں کسی کہر نے دیکھنا باشد تکلیف دہ ہوتا ہے۔ ان واقعات میں انتظامیہ، ہائی وے اتھارٹی کے ساتھ ساتھ ڈرائیوروں کی غفلت سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا۔ایسا ہی ایک واقعہ دیر رات جھارکھنڈ کے دھنباد ضلع کے تحت بروا ڈیرہ تھانہ کے لوہار بروا سے ہوا کر گزرنے والی ہائی وے۔ کوکلا کا بیشل بائی وے پر پیش آیا۔وہاں مخالف سمت سے آری کار اور ٹرک کی آمنے سامنے کی ٹکر ہوگئی۔ جس میں چارلوگوں کی موقع پر ہی موت ہوگئی، جبکہ ایک شخص شدید طور سے زخمی ہے۔واقعہ کے سلسلے میں بتایا جاتا ہے کہ بروا ڈیرہ تھانہ کے تحت لوہار بروا موڑ کے نزدیک مخالف سمت سے جارہی کار اور ٹرک کی آمنے سامنے کی ٹکر ہوگئی۔ بتایا جاتا ہے کہ حادثہ میں چار افراد کی موت ہوگئی۔ جبکہ ایک شخص شدید طور سے زخمی ہوگیا ہے۔واقعہ کے دیگر شخص کی آکثرتی فرقہ کی طرف سے جم کر پتھر بازی کی وجہ سے شدید زخمی بتائے جا رہے ہیں اس موت کی وجہ سے اقلیتی فرقہ میں شدید غم وغصہ دیکھا جارہا ہے جس سے حالات بھتے خراب اور بگڑتے نظر آرہے ہیں وہیں ایس پی کو بھاجپا کارکن اور ڈی ڈی شاہد اختر بار بار کی نظریں بنائے ہوئے ہیں دونوں ریاستوں کے پولس محکمہ کے اعلی افسران کی نشست خبر لکھی جانے تک جاری تھی وہیں معمولی سی بات کو ہوا دینے اور افواہ پھیلا کر ماحول خراب کرنے والے ضلع پریشد ممبر پنچی منڈل اور ان کے شوہر کی تلاش شدت سے جاری ہے چونکہ مقامی عوام کا کہنا ہے کہ اقلیتی فرقہ کے لوگوں کی طرف سے بار بار معاملی کی فہرداری کرتے ہوئے آپس میں ہیٹ کرکھ کرنے کی بھینکش کی باوجود ضلع پریشد ممبر اور ان کے شوہر اور ان کے معاونین اپنی حرکتوں سے باز نہ آئے اور پرامن ماحول کو خراب کرکے دونوں ریاستوں کے پولیس اور عوام کو پریشان کرنے اور نفرت پھیلانے کی پوری کوشش کررہی۔

سپول ضلع میں سیکس ریکٹ کا پردہ فاش

چھاپہ ماری میں 6 لڑکیاں، 2 عورتیں اور لاج کیئر ٹیکر گرفتار، پولیس جانچ کا عمل جاری

سپول(ایس این بی)
سپول کے تڑیہ گنج شہر کے ذاتی لاج کی شمل دوران ہوٹل اور لاج کیئر ٹیکر کا خلاصہ کرنے میں پولیس کو کامیابی ملی ہے۔ پولیس کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ یہاں سیکس ریکٹ کا دھندہ چلایا جارہا ہے۔اس وجہ سے پولیس نے ریڈ کر تین گرلز کو اور ایک مالک کو گرفتار کرلیا ہے۔اس کے ساتھ ہی 6 لڑکیاں اور دو خواتین کو بھی حراست میں لیا گیا ہے۔اس ضمن میں ایس ڈی پی او اوپن کمار نے بتایا کہ انہیں خفیہ اطلاع ملی تھی کہ مگھر پریشد حلقہ کے وارڈ نمبر 21 واقع ایک لاج میں کافی وقت سے سیکس ریکٹ کا دھندہ پھل پھول رہا ہے۔خفیہ جانکاری کی بنیاد پر ہی ایس ڈی او کی قیادت میں پڑیہ ڈی ایس پی نیتو سنگھ، تھانہ انسپکٹر رام سیوک راوت سمیت پورے پولیس فورسیز میں کوبھی حراست میں لیا گیا ہے۔اس ضمن میں منگل کی رات اس لاج میں چھاپہ ماری کی گئی۔اس دوران پولیس نے 12 لوگوں کو حراست میں لیا ہے۔فی الحال پولیس حراست میں لئے گئے ان لوگ 12 لوگوں سے پولیس پوچھ گچھ کررہی ہے۔ایس ڈی پی او نے بتایا کہ پکڑے گئے لڑکیوں میں مقامی سے لیکر دیگر اضلاع کی لڑکیاں بھی شامل ہیں۔لاج کے کمروں سے دوسرے طرح کے نازیبا سامان بھی برآمد ہوا ہے۔اس کے علاوہ 11 ہزار 460 روپے نقد اور ایک بائک بھی برآمد ہوا ہے۔فی الحال پولیس سبھی پکڑے گئے لوگوں جس میں لاج چلانے والا،گرل ایک لڑکیاں اور خواتین سے پوچھ گچھ کررہی ہے۔ چھاپہ ماری کے دوران لاج کے آس پاس کے لوگ کثیر تعداد میں جمع ہوگئے۔شورعافی چاچ میں سامنے آیا ہے کہ اس لاج میں جاری سیکس ریکٹ کا سرغنہ پرکاش کمار ہے۔یہ تڑیہ گنج کا نائب پرکھ رہ چکا ہے۔خود کو ایک سیاسی جماعت کا بڑا عہدیدار اتاتا رہا ہے۔اس وجہ سے شاید اب تک اسے تحفظ ملتا رہا ہے اور وہ پکڑا نہیں گیا تھا۔

جھارکھنڈ میں گرمی کی شدت برقرار، اسکولی اوقات میں تبدیلی

12ویں تک کی کلاسیز اب 7 سے 11.30 بجے تک

رانچی(ایس این بی)
جھارکھنڈ میں گرمی کی لہر جاری ہے۔ شدید گرمی کے پیش نظر محکمہ نے اسکولوں کے اوقات میں تبدیلی کردی ہے۔محکمہ اسکول ایجوکیشن اینڈ لٹریسی نے بدھ (19 جون) کو اپنا حکم جاری کیا۔حکومت کے جوائنٹ سکریٹری نند شورداں نے حکم جاری کیا ہے۔جھارکھنڈ طرف سے جاری حکم میں کہا گیا ہے کہ جھارکھنڈ میں گرمی کے پیش نظر تمام سرکاری، غیر سرکاری اور ایڈیڈ/غیر امدادی (اقلیت سمیت) اور تمام پرائیویٹ اسکولوں کے اوقات میں تبدیلی کی گئی ہے۔KG سے 12 ویں تک کی کلاسیں صبح 7 بجے سے 11.30 بجے تک ہوں گی۔ بتایا گیا ہے کہ اسکولوں کے اوقات اگلے احکامات تک وہی رہیں گے۔محکمہ کی جانب سے جاری کردہ حکم نامے کے مطابق پرائیویٹ اسکولوں کو چلانے کے متعلق اسکول کے رہنما خطوط کے مطابق آر ٹی ای ایکٹ اور انتظامیہ کی دفعات کے تحت چلایا جائے گا۔حکم نامے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ پہلے جاری کردہ حکم نامہ کے تئیں تمیم شدہ سمجھا جائے۔اس حکم نوٹری طور پر نافذ کرنے کو کہا گیا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ یہ حکم محکمہ کے اپنا رجسٹر سکریٹری کی رضامندی سے جاری کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ جھارکھنڈ کے 10 اضلاع میں درجہ حرارت 40 ڈگری سینٹی گریڈ یا اس سے زیادہ ہے۔راجدھانی رانچی سمیت کئی اضلاع میں درجہ حرارت معمول سے بہت زیادہ ہے۔ڈالٹینگنج کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت معمول سے 6.1 ڈگری زیادہ ہے۔ رانچی میں سب سے زیادہ درجہ حرارت 37.5 ڈگری سینٹی گریڈ ہے جو معمول سے 4 ڈگری زیادہ ہے۔جمشید پور کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 38.2 ڈگری ہے جو کہ معمول سے 2 ڈگری زیادہ ہے۔ چاتیا کا درجہ حرارت 38.4 ڈگری سیلسیس ہے جو کہ معمول سے 4.9 ڈگری زیادہ ہے۔

نیپال میں ہوئی بارش سے بہار میں سیلابی صورتحال

اردیا(ایس این بی)
نیپال میں ہوئی زبردست بارش سے بہار کی کئی ندیوں کے سطح آب میں اضافہ ہوگیا ہے۔شمال مشرقی بہار کے اریا ضلع میں پنپے والی بکراندی کے آس پاس کے گاؤں پر تعبر ہا کر سری ہے۔نیپال کے ساحلی حلقہ میں ہونے والی تیز بارش کی وجہ سے دیرات وہاں سے پانی چھوڑ دیا گیا۔پانی کی زیادتی کی وجہ سے پلاسی سے ہوکر بہنے والے بکراندی میں اچانک طغیانی آگئی۔کراندی میں اچانک پانی کے اتنی تیز بہاؤ کے ساتھ آب میں بے تحاشہ اضافہ ہوگیا۔اس بڑھتے ہوئے پانی کی وجہ سے نیشی عالاتوں کے نصف درجن سے زائد گاؤں کو پانی زد میں لے لیا۔سیلاب نما یہ پانی پلاسی بلاک کے دھرم سنج بنچایت واقع نصف درجن سے زائد گاؤں میں داخل ہوگیا۔یہ بھی کئی گاؤں عام طور پر نشیبی علاقوں میں بسے تھے۔اس وجہ سے سب سے زیادہ متاثر ہوئے۔سیلاب نے لوگوں کے عام زندگی کو متاثر کیا ہے۔سڑک، اسکول، پنچایت گھر،گھروں میں بھی کچھ کچھ پانی داخل ہوگیا ہے۔کئی لوگوں کے گھروں میں رکھاناج بھی بھیگ گیا۔اس سیلاب کی وجہ سے دھرم سنج سے بنیاگا تھی جانے والی سڑک پر دو سے ڈھائی فٹ تک پانی بہہ رہا ہے۔لوگوں کی آمدورفت تقریباً رک سی گئی ہے۔گھروں سے نکلنے کیلئے لوگ پہلے سوچ رہے ہیں کہ کہیں جائیں یا گھر نہیں۔مقامی میڈیا سے ملی اطلاع کے مطابق بھابڑی اسکول کیمپس میں بھی پانی داخل ہوگیا ہے۔ اس سے درس وتدریس کیلئے بچوں اور اساتذہ کو بہت پریشانی جھیلنی پڑ رہی ہے۔اس سے گاؤں اور ضلع کے درمیان افراتفری کا ماحول بنا ہوا ہے۔وہیں پلاسی کے سرکل افسر سنتیل کانت سنگھ نے بتایا کہ ہم لوگ اس پورے معاملے پر نظر بنائے ہوئے ہیں۔ملازمین کو گراؤنڈ پر بھیجا گیا ہے۔وہ خود اس پر نظر بنائے ہوئے ہیں تاکہ کسی بھی طرح کی انہونی کو ہونے سے روکا جاسکے۔اس ضمن میں کسی بھی طرح کی پریشانی سے مقابلہ کیلئے انتظامیہ تیار ہے۔

فصل لوٹ معاملے میں شامل جرائم پیشہ کی بھاگلپور پولیس کو تلاش

بھاگلپور(ایس این بی)
زیرہمائل تھانہ علاقہ کے دیارہ حلقہ میں فصل لوٹنے والے جرائم پیشوں کو پولیس تلاش کررہی ہے۔50 کی تعداد میں جرائم پیشوں نے تیار فصل لوٹ لی۔واقعہ کو لیکر بڑی یک رہنے والے نیشن یادو نے زیرہمائل تھانہ میں تحریری شکایت کی ہے۔انہوں نے پردیپ اور اس کے ساتھیوں پر فصل لوٹنے اور فائرنگ کا الزام لگایا ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ جب وہ فصل لوٹنے کی اطلاع پر پہنچے تو بدمعاشوں نے فائرنگ شروع کردی۔ اس معاملے میں بھاگلپور پولیس کی تلاش مہم لگاتار جاری ہے۔

حکومت سیاحتی و مذہبی مقامات کو عالمی نقشے پر لانے کیلئے پرعزم

وزیراعلیٰ چمپئی سورین کی جائزہ میٹنگ میں حکام کو کئی ہدایات

رانچی(ایس این بی)
وزیراعلیٰ چمپئی سورین نے حکام کی موجودگی میں محکمہ سیاحت،فن ثقافت،کھیل اور امور نوجوان کے کام کی تازہ ترین پیشرفت کا اعلیٰ سطحی جائزہ لیا۔ اس دوران وزیراعلیٰ نے عہدیداروں کو کئی اہم ہدایات دیں۔ میٹنگ میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ جھارکھنڈ میں قدرتی حسن بے مثال ہے۔ یہ ہم سب جھارکھنڈ کے رہنے والوں کی خوش قسمتی ہے کہ یہاں مختلف برادریوں کے بہت سے اہم مذہبی مقامات اور مختلف فن وثقافت کا اکوکھا امتزاج پایا گیا ہے۔ موصوف نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ لوگو بورڈ اور ہوم اسٹک بورڈ، قبائلی پیرو کاروں کے عقیدہ سے اور ان کے مقامات کو جھارکھنڈ جلد ایک بہتر سیاحتی مقام کے طور پر تیار کریں۔ محکمہ سیاحت کے افسران اس سلسلے میں جلد از جلد بہتر ڈی پی آر تیار کرکے مزید کارروائی شروع کریں۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ پہاڑی مندر کمپلیکس رانچی کی مکمل ترقی ضروری ہے۔ پہاڑی مندر عقیدے اور آستھا کا ایک عظیم مقام ہے۔ ریاستی حکومت کی جانب سے پہاڑی مندر میں روپ وے بنانے کی تجویز تیاری کی تھی، اس کے لیے فزیبلٹی ویری فکیشن بھی کی گئی تھی، حکام جلد فیز ٹو کی رپورٹ طلب کریں کہ پورے مندر کمپلیکس کے لیے بہتر سڑک تیاری کی گئی ہے، اس پر جلد از جلد کام شروع کرنے کو یقینی بنائیں۔وزیراعلیٰ چمپئی سورین نے کہا کہ جھارکھنڈ کی سیاحت اور مذہبی مقامات کو دنیا کے نقشے پر لانے کے لیے کیا کام کرنے کی ضرورت ہے۔ اس پر ہمیں بہتر ایکشن پلان بنا کر آگے بڑھنا ہوگا۔ انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ ریاست میں مذہبی اور روحانی سیاحت سمیت مختلف سیاحت کے میدان میں بہت سے امکانات موجود ہیں۔ سیاحت کے ان کثیر جہتی امکانات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک بہتر ترقی دینا بہت ضروری ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ریاستی حکومت کی یہ کوشش ہے کہ جھارکھنڈ جانے والے تمام سیاح یہاں سے ایک بہتر تجربہ لے کر گھر واپس جائیں تاکہ سیاحت کے میدان میں جھارکھنڈ کی ملک اور دنیا میں ایک الگ پہچان بن سکے۔

میٹنگ میں وزیراعلیٰ نے عہدیداروں سے کہا کہ جلد از جلد ایک ڈی پی آر تیار کریں تاکہ ہم آگے مزید کام شروع کریں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ جھارکھنڈ کو ایک بہترین مذہبی سیاحتی مقام کے طور پر تیار کیا جاسکے اور عہدیداروں کو اس بارے میں ایکشن پلان بھی بنانا چاہئے کہ اس میں کیا کیا کیا جاسکتا ہے۔ وزیراعلیٰ چمپئی سورین نے کہا کہ ہندوستان میں بہت سے امکانات موجود ہیں۔

گوپی ناتھ گاؤں میں دوفرقہ کے درمیان جھڑپ، فائرنگ میں 1 ہلاک

پاکوڑ کی ضلع پریشد ممبر پنچی منڈل اور اس کے شوہر پر فساد کرانے کا الزام، پورا علاقہ پولیس چھاؤنی میں تبدیل

صاحب گنج(ممتاز نعمانی)
ایس این بی)
کل دیر شام پھر سے پاکوڑ کے گوپی ناتھ پورگاؤں میں بڑی تعداد میں دوفرقوں کے مابین جھڑپ ہوگئی جس میں کئی گھر نذر آتش کردیئے گئے۔وہیں بم بازی اور فائرنگ میں ایک کی موت ہوگئی وہیں دوشدید زخمی ہوگئے۔اس کے بعد پورا علاقہ پولیس چھاؤنی میں تبدیل ہوگیا۔آج جھارکھنڈ بنگال پولیس کی مشترکہ میٹنگ ہوئی۔ ذرائع کے مطابق گوپی ناتھ پور پاکوڑ کے ضلع پریشد ممبر پنچی منڈل وان کے شوہر پر ماحول کوخراب کرنے کا سنگین الزام ہے۔ جس کی وجہ سے پاکوڑ کے شہری حلقہ کے ریلے بھاٹک کے پاس اچانک دوپہر میں ہنگامہ کرتی گئی۔ جس میں نصف درجن لوگ بھاگنے کے درمیان موٹر سائیکل سوار کچھ لوگ گر کر زخمی ہوگئے۔ دونوں ریاست کی پولیس الرٹ موڈ میں حالات سنگین لیکن فی الوقت قابو میں۔واضح ہو کہ صوبہ جھارکھنڈ پاکوڑ ضلع کے پاکوڑ مفصل تھانہ علاقہ کے سرحد پہنچ آیا وہ گوپی ناتھ پور کا تھانہ میں 107 بجے کو عیدالاضحی کے دن تقریباً 11 بجے قربانی کرنے کے دوران قربانی کا جانور شل کر بھاگ نکلا اور پڑوسی ندی پنچ گاؤں کے ندی کے کنارے چلا گیا۔ جو چھوٹی سی ندی ہے اور جھارکھنڈ بنگال سرحد کے طور پر بنا ہے کام کرتی ہے مزید ذرائع نے بتایا کہ اس جانور کو پکڑنے کرلانے کی پوری کوشش کی جب جانور کو گھیر رہے والے میں ناکام ثابت ہوئے اقلیتی فرقہ کے لوگ عاجز وتھک ہار کر مجبور اسی ندی کے کنارے قربانی کرڈالا۔ اطلاع کے مطابق اس ندی کے قریب ایک آم کے باغیچہ میں آکثریتی طبقہ کے لوگ شراب نوشی کررہے تھے یہ لوگ شراب چھوڑ کر ٹوٹ پڑے اور شور مچاتے ہوئے گوپی ناتھ پور گاؤں کے ضلع پریشد ممبر پنچی منڈل اور ان کے شوہر کو خبر کیا۔ یہ لوگ خبر ملتے ہی جائے وقوع پر پہنچ گئے یہ لوگ سب مل کر قربانی کرنے والے لوگوں کے ساتھ مار پیٹ شروع کردی۔قربانی کرنے والے لوگوں نے اس کے لیے معافی بھی مانگی اس کے باوجود بھی ضلع پریشد ممبر پنچی منڈل اور ان کے شوہر نے موبائل فون کے ذریعے جتنے بھی آکثریتی فرقہ سے تعلق رکھنے والے شدت پسند تنظیم کے لوگوں کو خبر کرکے بلوا لیا اسی مار پیٹ کے دوران ندی کے اس پار ویسٹ بنگال کشنو پور گاؤں کے اقلیتی فرقہ کے لوگ آکثریتی فرقہ کے حملہ آوار لوگوں کو دیکھ ندی کے اس جھارکھنڈ کے اقلیتی فرقہ کے لوگ ندی کے کنارے قربانی کرڈالا۔ اطلاع کے مطابق اس ندی کے قریب ایک آم کے باغیچہ میں آکثریتی طبقہ کے لوگ شراب نوشی کررہے تھے یہ لوگ شراب چھوڑ کر ٹوٹ پڑے اور شور مچاتے ہوئے گوپی ناتھ پور گاؤں کے ضلع پریشد ممبر پنچی منڈل اور ان کے شوہر کو خبر کیا۔ یہ لوگ خبر ملتے ہی جائے وقوع پر پہنچ گئے یہ لوگ سب مل کر قربانی کرنے والے لوگوں کے ساتھ مار پیٹ شروع کردی۔قربانی کرنے والے لوگوں نے اس کے لیے معافی بھی مانگی اس کے باوجود بھی ضلع پریشد ممبر پنچی منڈل اور ان کے شوہر نے موبائل فون کے ذریعے جتنے بھی آکثریتی فرقہ سے تعلق رکھنے والے شدت پسند تنظیم کے لوگوں کو خبر کرکے بلوا لیا اسی کام کرتی ہے مزید ذرائع نے بتایا کہ اس جانور کو پکڑنے کرلانے کی پوری کوشش کی جب جانور کو گھیر رہے والے میں ناکام ثابت ہوئے اقلیتی فرقہ کے لوگ عاجز وتھک ہار کر مجبور اسی ندی کے کنارے قربانی کرڈالا۔ اطلاع کے مطابق اس ندی کے قریب ایک آم کے باغیچہ میں آکثریتی طبقہ کے لوگ شراب نوشی کررہے تھے یہ لوگ شراب چھوڑ کر ٹوٹ پڑے اور شور مچاتے ہوئے گوپی ناتھ پور گاؤں کے ضلع پریشد ممبر پنچی منڈل اور ان کے شوہر کو خبر کیا۔ یہ لوگ خبر ملتے ہی جائے وقوع پر پہنچ گئے یہ لوگ سب مل کر قربانی کرنے والے لوگوں کے ساتھ مار پیٹ شروع کردی۔قربانی کرنے والے لوگوں نے اس کے لیے معافی بھی مانگی اس کے باوجود بھی ضلع پریشد ممبر پنچی منڈل اور ان کے شوہر نے موبائل فون کے ذریعے جتنے بھی آکثریتی فرقہ سے تعلق رکھنے والے شدت پسند تنظیم کے لوگوں کو خبر کرکے بلوا لیا اسی

پاؤں میں گولی لگنے سے شدید زخمی ہوگیا حالت نازک بنی ہوئی ہے وہیں کشنو پور بنگال کے محمد حاسب شیخ ابن محمد ذاملہ شیخ گولی لگنے سے موت ہوگئی۔ ذرائع کے مطابق ایک پولیس والا بھی شدید زخمی ہونے کی خبریں موصول ہورہی ہیں وہیں قربانی کرنے والے کی آکثریتی فرقہ کی طرف سے جم کر پتھر بازی کی وجہ سے شدید زخمی بتائے جا رہے ہیں اس موت کی وجہ سے اقلیتی فرقہ میں شدید غم وغصہ دیکھا جارہا ہے جس سے حالات بھتے خراب اور بگڑتے نظر آرہے ہیں وہیں ایس پی کو بھاجپا کارکن اور ڈی ڈی شاہد اختر بار بار کی نظریں بنائے ہوئے ہیں دونوں ریاستوں کے پولیس محکمہ کے اعلی افسران کی نشست خبر لکھی جانے تک جاری تھی وہیں معمولی سی بات کو ہوا دینے اور افواہ پھیلا کر ماحول خراب کرنے والے ضلع پریشد ممبر پنچی منڈل اور ان کے شوہر کی تلاش شدت سے جاری ہے چونکہ مقامی عوام کا کہنا ہے کہ اقلیتی فرقہ کے لوگوں کی طرف سے بار بار معاملی کی فہرداری کرتے ہوئے آپس میں ہیٹ کرکھ کرنے کی بھینکش کی باوجود ضلع پریشد ممبر اور ان کے شوہر اور ان کے معاونین اپنی حرکتوں سے باز نہ آئے اور پرامن ماحول کو خراب کرکے دونوں ریاستوں کے پولیس اور عوام کو پریشان کرنے اور نفرت پھیلانے کی پوری کوشش کررہی۔

فرار ملزم پولیس گرفت میں

کھگڑیا(ایس این بی)
ضلع کے تحت چوتھم تھانہ علاقہ کے فرح گاؤں میں مار پیٹ کے معاملہ میں فرار چل اس کے شوہر کو پولیس نے گرفتار کرلیا ہے۔تھانہ انسپکٹر ستیہ ورت سنگھ نے بتایا کہ کیس نمبر 222/23 کے ملزم پر تھانہ کے تحت کیملیا گاؤں باشندہ سہدو رائے کے بیٹے نتیش کمار کو پولیس کو تلاش تھی۔ اسے اغیہ اطلاع کی بنیاد پر کوگری سے گرفتار کرلیا گیا۔انہوں نے بتایا کہ نتیش کمار فرح گاؤں باشندہ منوج ساہ کی بیوی دیاوتی کے بیٹے دیش راج کمار کے ساتھ مار پیٹ کرنے کا الزام لگایا تھا۔اس کے بعد مار پیٹ معاملے میں رپورٹ درج کر ملزم کو پولیس تلاش کررہی تھی۔

شدت کی گرمی سے لوگ پریشان

جموئی(ایس این بی)
شدت کی گرمی سے عام زندگی پوری طرح سے مفلوج ہوکر رہ گئی ہے۔ کئی شہر اور گیا دیہات ہر جگہ شدت کی گرمی اور لو سے لوگوں کا جینا دوبھر ہوگیا ہے۔ سب سے زیادہ پریشانی بچوں اور بزرگوں کو ہورہا ہے۔انہیں متاثر رہنے کی ضرورت ہے۔

رپورٹ آنے پر معاملے میں کارروائی

بھاگلپور(ایس این بی)
عقل معاملہ مشتبہ کے ساتھ گوداڈیہ پولیس تھانہ احاطہ میں بے جمی سے مار پیٹ کے معاملہ میں ایس ڈی پی او کی رپورٹ آنے کے بعد سینئر افسران کارروائی کریں گے۔واقعہ کو لیکر مایا سنج میں زیر علاج پانچ مشتبہ نے گوداڈیہ پولیس پر سنگین الزام لگائے ہیں۔ان کا کہنا ہے کہ پولیس کچھ کے دوران انہیں بے رحمی سے پیٹا گیا اور پرائیوٹ پارٹ پر پتھروں بھی ڈال دیا گیا۔ایس ایس پی آنند کمار نے کہا کہ ڈی ایس پی ایڈیشنل آرڈر معاملے کی جانچ کریں گے اور ان کی رپورٹ آنے کے بعد مناسب کارروائی کی جائے گی۔

وارڈ 5 کو ملے 5 ڈسٹ بن

بھاگلپور(ایس این بی)
ضلع کے وارڈ نمبر 25 میں سوئیپل کارپوریشن نے پانچ ڈسٹ بن فراہم کرائے ہیں۔جبکہ اس وارڈ میں 19 گلیاں اور تین اہم روٹ ہیں۔یہ اوٹ کے مدد میں زیرا کے مانند ہے۔یہ باتیں کونسلر گوونڈ ستیہ کی کہنا ہے کہ اوہ دو اس بات کی شکایت لیکر صفائی انچارج آدتیہ سیوال سے بھی ملے۔لیکن انہوں تو نہ کوئی اطمینان بخش جواب ملا ہے اور نہ ہی اس بات کا بھروسہ کرآگے انہیں مزید ڈسٹ بن فراہم کرائی جائے گی۔انہیں وہاں سے بیرنگ واپس ہونا پڑا۔انہوں نے بتایا کہ سوئیپل کارپوریشن کے ذریعے جب وارڈ انچارج سے پوچھا گیا تو وارڈ انچارج کے ذریعے تین روٹ سمیت 19 گلیوں کا نام بتایا گیا تھا۔ساتھ ہی ساتھ تقریباً 55 ڈسٹ ب